Fresh Notice No:- 129

قرارداد

یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے ہر گاہ کہ لاکھوں پاکستانی روزگار کے حصول کیلئے بیرون ممالک میں خدمات انجام دے رہے میں ان مین برادر اسلامی ملک سعودی عرب بھی شامل ہے۔ جہاں خدمت کو عبادت سمجھ کر پاکستانی اپنا خون پسینہ بہا کر خدمات انجام دیتے ہیں۔

لیکن وہاں مقیم پاکستانیوں کو اقامہ کی فیسوں میں زیادتی، اقاموں کے ختم ہونے پر بھاری جرمانوں اور سالوں سے معمولی نوعیت کے کیسز میں قید وبند کی صوبتیں برداشت کرنا شامل ہیں کچھ دنوں میں سعودی ولی عہد پاکستان کے دورے پر آرہے ہیں ہم ان کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں اور پاکستان میں ان کی قیام کو پاکستان کی خوشی قسمتی سمجھتے ہیں اور سعودی ولی عہد کے اس دورے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں کو درپیش مسائل سے آگاہ کرنا چاہتے ہیں۔

لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے سفارش کرے کہ ولی عہد کے دورے کے دوران ان کو سعودیہ میں مقیم پاکستانیوں کے مسائل کے حل کی درخواست کی جائے تاکہ وہاں جیلوں میں قید پاکستانیوں کو رہائی مل سکے اور اقامہ کی فیسوں میں رعایت اور دیگر درپیش مشکلات کا ازالہ ہو سکے اور ختم ہونے اقاموں کے افراد کو جرمانہ معاف کیا جائے تاکہ وہ باآسانی اپنے ملک واپس آسکیں۔

صاحبزادہ ثناءاللہ

RESOLUTION

Session No. 5th

Notice No. 129

Received Time: 1:55

Received Date 11/2/19

From Mr. / Ms. صاحبزادہ ثناءاللہ, MPA

Receiver Sign: